سوال

(518) بلاوجہ قربانی کا جانور تبدیل کرنا

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

ایک آدمی نے قربانی کا دنبہ خریدا۔ دو تین ماہ بعد اس نے ارادہ کیا کہ میں گائے کی قربانی دوں۔ کیا وہ دنبہ فروخت کر کے گائے خرید سکتا ہے؟ (سائل عبدالرشید عراقی) (۷ اجولائی ۱۹۹۸ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

بلاوجہ قربانی کا جانور تبدیل نہیں کرنا چاہیے۔ ہاں البتہ دوسرے جانور میں مزید کوئی اہم فائدہ نظر آئے تو بظاہر تبدیلی کا کوئی حرج نہیں۔ جیسے یہاں گوشت کا اضافہ ہے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، کتاب الصوم: صفحہ: 408

محدث فتویٰ